**20-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

---------------------------------

Music

---------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے جموں وکشمیر میں پندرہ سو کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے 84 بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔ انھوں نے یقین دلایا کہ مرکز کے زیر انتظام علاقے کو جلد ہی واپس اُس کا ریاست کا درجہ ملے گا۔

☆ دلّی کی ایک عدالت نے آبکاری پالیسی کے معاملے میں وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کو ضمانت دے دی ہے۔

☆ بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ کل سے بھارت کے دو روزہ سرکاری دورے پر ہوں گی۔

☆ محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ ملک کے زیادہ تر حصوں میں اگلے چار سے پانچ دن میں گرمی کی لہر سے راحت ملے گی۔

☆ ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں بارباڈوس کے کنسنگٹن اوول میں بھارت اور افغانستان کے درمیان میچ جاری ہے۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**EVE PM J&K Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج یقین دلایا کہ جموں وکشمیر کو جلد ہی ریاست کا درجہ واپس ملے گا۔ سری نگر میں ایک ہزار 500 کروڑ روپئے کی مالیت کے 84 ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھنے اور افتتاح کرنے کے بعد ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ مرکزی حکومت نے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں حالیہ دہشت گردانہ حملوں کو انتہائی سنجیدگی سے لیا ہے اور جموں وکشمیر کے دشمنوں کو مناسب جواب دیا جائے گا۔ وزیراعظم نریندر مودی آج سے مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر کے دو روزہ دورے پر ہیں۔ انھوں نے تقریباً دو ہزار نوجوانوں کو تقرری کے خط بھی تقسیم کئے جنھیں سرکاری سیکٹر میں بھرتی کیا گیا ہے۔ جناب مودی کے ہمراہ آیوش محکمے کے وزیر پرتاپ راؤ جادھو، جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور دیگر افسران موجود تھے۔

مزید تفصیل سری نگر کے ہمارے نامہ نگار سے ..................

## VC Sunil Koul

آج شام تقریباً چھ بجے سری نگر کے SKICC پہنچنے کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی کا پُر جوش خیر مقدم کیا گیا۔ کشمیری خواتین فنکاروں نے روایتی لوک گیت پیش کئے۔ یہ خواتین روایتی کشمیری لباس پہنے ہوئے تھیں۔ وزیر اعظم نے اِن فنکاروں پر پھولوں کی پتیاں برساکر اپنے احساسات کا اظہار کیا۔ اس کے بعد جناب مودی نے جموں وکشمیر کے نوجوانوں کے لگائے ہوئے مختلف اسٹالس پر نمائش کا معائنہ کیا اور اُن کے ساتھ بات چیت کی اور اِن نوجوانوں کی ترغیب دینے والی کامیابی کی داستانیں سنیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کے عوام NDA کے ارادوں سے بخوبی واقف ہیں اور یہی وجہ ہے کہ انھوں نے ریکارڈ تیسری مرتبہ اُنھیں اقتدار کیلئے چنا ہے۔ انھوں نے کہا کہ جناب اٹل بہاری واجپائی کا دیا ہوا انسانیت، جمہوریت اور کشمیریت کا نعرہ خطے میں اب حقیقی شکل اختیار کر رہا ہے۔ جناب مودی نے حالیہ لوک سبھا انتخابات میں جموں وکشمیر کے عوام کی زبردست شراکت داری کیلئے اُن کی ستائش کی اور کہا کہ خطے کے نوجوانوں نے جمہوریت میں مضبوط بھروسے کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وہ آج خطے کے عوام کے تئیں ممنونیت کا اظہار کرنے کیلئے خصوصاً کشمیر آئے ہیں لیکن ساتھ ہی ساتھ انھوں نے اپوزیشن کی نکتہ چینی بھی کی کہ ان کی زبان سے حال ہی میں ختم ہوئے انتخابات میں ووٹروں کی اتنی بڑی تعداد میں شرکت کے متعلق کشمیری عوام کی حوصلہ افزائی کیلئے ایک لفظ بھی نہیں نکلا۔ جناب مودی نے جموں وکشمیر کے عوام کو یہ یقین بھی دلایا کہ جلد ہی اِسے ریاست کا درجہ واپس ملے گا اور جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کرائے جائیں گے۔ وزیر اعظم نے مختلف ترقیاتی اسکیموں کا بھی ذکر کیا ہے جو ان کی حکومت نے پچھلے دس سال میں سب کا ساتھ، سب کا وکاس کے تحت شروع کی ہیں۔اِدھر جناب مودی کل دسویں بین الاقوامی یوگا دن کے موقع پر SKICC کے سبزہ زاروں سے قوم کی قیادت کریں گے۔ امید ہے کہ سری نگر کی مشہور ڈَل جھیل کے کنارے واقع شیر کشمیر بین الاقوامی کنونشن کمپلیکس SKICC میں یوگا سیشنز میں تقریباً سات ہزار افراد شرکت کریں گے۔

سری نگر کشمیر سے اردو خبروں کیلئے سنیل کول کی رپورٹ کے ساتھ میں عبدالمالک

## Kejriwal Bail

دلی ایک عدالت نے آج شام وزیراعلی اروند کیجریوال کو ضمانت دے دی ہے۔ انہیں اب ختم ہوچکی آبکاری پالیسی سے متعلق کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں ضمانت دی گئی ہے۔ راؤز ایونیو عدالت کے چھٹیوں میں کام کرنے والے جج نیائے بندو نے آج صبح محفوظ رکھنے کے بعد یہ فیصلہ سنایا۔ عام آدمی پارٹی ، عاپ کے سربراہ ایک لاکھ روپے کا ضمانتی مچلکہ ادا کرنے کے بعد، کل تہاڑ جیل سے رہا ہوسکتے ہیں۔ اروند کیجریوال کو انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED نے لوک سبھا انتخابات سے کچھ پہلے 21 مارچ کو ڈرامائی طور پر گرفتار کیا تھا۔ مئی میں، سپریم کورٹ نے عام انتخابات کے پیش نظر انہیں ضمانت دے دی تھی۔ انھوں نے دو جون کو خودسپردگی کردی تھی۔

## Jaishankar Sri Lanka

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سری لنکا کے سرکاری دورے پر ہیں۔ تیسری مودی کابینہ میں اپنے عہدے کی ذمے داری سنبھالنے کے بعد یہ اُن کا پہلا دورہ ہے۔ کئی اہم پروجیکٹوں کے افتتاح اور اُنھیں وہاں سپرد کرنے کے علاوہ ڈاکٹر جے شنکر کے دورے میں سری لنکا کے اعلیٰ لیڈروں کے ساتھ میٹنگیں شامل ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ..................

## V/C Farooqi

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور سری لنکا کے صدر رانل وکرما سنگھے نے دونوں ملکوں کے درمیان جاری ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا اور سمندری ساحلوں پر بچاؤ کے سینٹر کا افتتاح کیا۔ اس مرکز کو اُنھیں پیش کرنے کی تقریب کے دوران ڈاکٹر جے شنکر نے وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے نیک خواہشات پیش کیں اور صدر وکرما سنگھے کے ساتھ مختلف شعبوں میں بھارت-سری لنکا تعاون کو مستحکم کرنے کے مختلف مواقع پر تبادلہ خیال کیا۔ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے سری لنکا کے دورے کو بھارت کی پڑوسی ملک کو اوّلیت دینے کی پالیسی اور ساگر تصور کو آگے بڑھانے کے سلسلے میں ایک قدم کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ انھوں نے وزیراعظم دِنیش گونا وردینا اور سری لنکا کے دیگر بڑے لیڈروں سے ملاقات کی اور ترقی اور رابطے سے متعلق اسکیموں کے ذریعے بھارت کی مضبوط حمایت پر بات چیت کی۔فاروقی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

## NIrmala Pre Buidget

خزانے اور کارپوریٹ امور کی مرکزی وزیر نرملا سیتارمن نے آج نئی دلی میں مالی اور سرمایہ منڈیوں کے شعبے کے سرکردہ ماہرین کے ساتھ بجٹ سے پہلے کے دوسرے کی مشاورت اور ممتاز صنعتکاروں اور ایسوسی ایشنوں کے ساتھ تیسرے دور کی مشاورت کی صدارت کی۔ یہ میٹنگ آنے والے عام بجٹ 2024-25 کے سلسلے میں منعقد کی گئی ہے۔

## Wheat Availablity

حکومت نے کہا ہے کہ ملک میں گیہوں کا وافر مقدار میں ذخیرہ موجود ہے۔ حکومت نے گیہوں کی قیمتوں پر قریبی نظر رکھنے اور مناسب پالیسی اقدامات کرنے کی صلاح دی ہے تاکہ ملک کے صارفین کیلئے قیمت کے استحکام کو یقینی بنایا جاسکے۔ آج داخلی امور اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ کی صدارت میں وزراء کی کمیٹی کی ایک میٹنگ ہوئی جس میں لازمی اشیاء کی قیمتوں کا جائزہ لیا گیا۔ X

## Coal Minister

کوئلے اور کانکنی کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے آج نئی دلّی میں کوئلے کی وزارت کے افسران کے ساتھ ایک میٹنگ کی تاکہ Captive اور کمرشیل کوئلے کے بلاکس کے انتظامات کا جائزہ لے سکیں۔ میٹنگ کے دوران وزیر موصوف نے تمام طرفین کے ساتھ قریبی تال میل قائم رکھتے ہوئے کام کرنے پر زور دیا جس میں ریاستی حکومت اور

ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی کی وزارت شامل ہے تاکہ مختلف کئے گئے کوئلے کے بلاکوں میں کام کاج شروع کرنے کیلئے کلیئرنس کا عمل ممکنہ حد تک کم سے کم وقت میں انجام پاسکے۔x

## World Sickle Cell Day Data

مرکزی وزارت صحت نے آج اطلاع دی ہے کہ خون کی کمی سے متعلق بیماری Sickle Cell اِنیمیا کو جڑ سے ختم کرنے کے قومی مشن کے پورٹل پر اب تک تین کروڑ 39 لاکھ سے زیادہ Sickle Cell کے ریکارڈ کو اَپ لوڈ کیا گیا ہے۔ وزارت نے مزید بتایا کہ ایک کروڑ 12 لاکھ سے زیادہ Sickle Cell Status سے متعلق آئی ڈی کارڈس بھی تقسیم کئے گئے ہیں۔ گذرے ہوئے کُل عالمی Sickle Cell دن کے متعلق وزارت نے بتایا کہ مشن کے تحت اِس طرح کے زیادہ معاملات والی 17 ریاستوں اور 343 ضلعوں میں تقریباً 45 ہزار پروگرام منعقد کئے گئے۔x

## Evnironment Minister

ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی کے وزیر بھوپیندر یادو نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے شروع کی گئی پودے لگانے کی اسکیم سے Green Cover کے نشانوں کو حاصل کرنے، سبز معیشت کو فروغ دینے اور آب وہوا کی تبدیلی کے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے پائیدار طرز زندگی اختیار کرنے میں مدد ملے گی۔ وزیر موصوف نے نئی دلّی میں آج Asola-Bhati وائلڈ لائف سینکچری میں منعقدہ شجرکاری کی ایک مہم میں شرکت کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ اِس تقریب کے دوران وزیر موصوف نے کہا کہ سائنسی ترقی اور فطرت کے درمیان ایک توازن قائم کرنے کی ضرورت ہے۔x

## Modi Congressional Delegation

امریکی کانگریس کے سات ممبروں پر مشتمل ایک وفد نے آج نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی۔ اِس وفد کی صدارت غیرملکی امور کی کمیٹی کے چیئرمین Michael McCaul کر رہے تھے۔ وفد کے دوسرے ممبران میں نینسی پلوسی اور Gregory Meeks اور Jim Mcgovern شامل تھے۔ وفد کے ممبران نے وزیراعظم کو لگاتار تیسری مرتبہ اُن کے منتخب ہونے پر اُنھیں مبارکباد پیش کی۔ انھوں نے بھارت میں حال ہی میں ختم ہوئے دنیا کے سب سے بڑے جمہوری انتخابی عمل کے منصفانہ، شفاف اور اعلیٰ ترین پیمانے پر ہونے کی انتہائی ستائش کی۔x

## President Divyang

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں جسمانی معذوریوں کے حامل افراد کے پنڈت دین دیال اُپادھیایہ نیشنل انسٹی ٹیوٹ کا دورہ کیا۔ اپنے دورے کے دوران، صدر نے دِویانگ بچوں کے ساتھ بات چیت کی اور اُن کے پیش کردہ ثقافتی پروگرام دیکھے۔ اس موقع پر اُن سے خطاب کرتے ہوئے صدر موصوف نے کہا کہ کسی ملک یا سماج کی ترقی کا پیمانہ یہ بھی ہے کہ اُس ملک یا سماج کے افراد دِویانگجوں کے تئیں کس طرح کے احساسات کا اظہار کرتے ہیں۔x

**BJP Rahul Neet**

بھارتیہ جنتا پارٹی نے آج کانگریس لیڈر راہل گاندھی کی NEET امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں کے بارے میں کئے گئے اُن کے حملے کی سخت نکتہ چینی کی ہے۔ نئی دلّی میں آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارٹی ترجمان سدھانشو ترویدی نے الزام لگایا کہ جناب گاندھی اِس معاملے پر سیاست کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ حکومت NEET امتحان کے معاملے پر پوری طرح چوکس اور حساس ہے اور وہ طالب علموں کے ساتھ کسی بھی قسم کی ناانصافی نہیں ہونے دے گی۔اِس سے قبل، نئی دلّی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جناب گاندھی نے NEET امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں کے ذمے دار افراد کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا تھا۔ انھوں نے الزام لگایا کہ یہ ایک قومی بحران ہے اور حکومت اِس معاملے پر خاموش ہے۔x

**Bangladesh PM Visit**

بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ کل سے بھارت کا دو روزہ دورہ کریں گی۔ اپنے دورے کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ باہمی مشاورتی میٹنگ کے علاوہ وہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ سے بھی ملاقات کریں گی۔ وہ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے بھی ملیں گی۔x

**Gujarat Yoga Day**

گجرات کے ریاستی یوگا بورڈ نے پچھلے پانچ برسوں کے دوران ایک لاکھ یوگا تربیت کاروں کی تربیت کی ہے۔ آکاشوانی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے گجرات ریاستی یوگا بورڈ کے سربراہ شِشپال راجپوت نے کہا کہ بورڈ ریاست بھر میں تقریباً 500 مفت یوگا کی کلاسیں بھی چلا رہا ہے تاکہ عام لوگوں کو یوگا کا شوق دلایا جاسکے۔

S/B Shishpal Rajput

بورڈ نے بین الاقوامی یوگا دن کی تقریبات کے Countdown کے دوران یوگا فیسٹیول 2024 کے تھیم کے تحت 100 سے زیادہ تقریبات بھی منعقد کیں۔x

**Yoga Day**

یوگ کا دسواں بین الاقوامی دن، مالدیپ میں بھارت کے ہائی کمیشن میں منایا گیا۔ اس تقریب میں مالدیپ اور بھارت کے یوگ کے پرجوش مداحوں نے شرکت کی۔

اس موقع پر مالدیپ میں بھارت کے ہائی کمشنر Manu-Mahawar نے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر Muizzu کے نام وزیراعظم نریندرمودی کا پیغام پڑھ کر سنایا جس میں بنیادوں کی طرف واپس لوٹنے، سوجھ بوجھ اور پائیدار طرز زندگی اختیار کرنے کے تئیں عالمی رجحان کو فروغ دینے کی غرض سے بھارت کے عزم مسلسل کی توثیق کی گئی تھی۔ X

## World Refugee Day

ہر سال 20 جون کو پناہ گزینوں کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ یہ دن، دنیا بھر میں پناہ گزینوں کی حالت زار کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور میزبان برادریوں میں پناہ گزینوں کی شمولیت اور قبولیت کو فروغ دینے کیلئے مخصوص ہے۔ پناہ گزینوں کا عالمی دن، دنیا بھر میں پناہ گزینوں کے بحران کا دیرپا حل تلاش کرنے اور سبھی بے گھر افراد کیلئے محفوظ جگہ فراہم کرنے کی امید کے ساتھ منایا جاتا ہے۔ X

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے کیرالہ، کرناٹک، تمل ناڈو اور مہاراشٹر میں اگلے پانچ روز کے دوران ایک بار پھر کہیں تیز اور کہیں بہت تیز بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ اس کے علاوہ ذیلی۔ہمالیائی مغربی بنگال، آسام اور میگھالیہ میں اگلے دو روز کے دوران کہیں تیز اور کہیں بہت تیز بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا بھی بہت زیادہ امکان ہے جس کے بعد اکّا دکّا مقامات پر موسلادھار بارش ہوسکتی ہے۔ شدید گرمی کے بارے میں محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے چار سے پانچ روز کے دوران ملک کے زیادہ تر حصوں میں لُو چلنے کا امکان نہیں ہے۔ البتہ مغربی اترپردیش کے بعض علاقوں میں، اس ماہ کی 23 تاریخ تک شدید گرمی کی لہر جاری رہے گی۔X

## T20 WORLD CUP IND-AFGHAN

ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں Barbados میں بھارت اور افغانستان کے درمیان میچ کھلا جارہا ہے۔ بھارت نے آج ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ اب سے کچھ دیر پہلے تک بھارت نے 16 اوورس میں 4 وکٹ پر 138 رن بنا لئے تھے۔ بھارت نے گروپ مرحلے میں کوئی بھی میچ نہیں ہارا ہے اور اُس نے آئرلینڈ، پاکستان اور امریکہ کو ہرایا ہے جبکہ اس کا کینیڈا کے ساتھ کھیلا گیا پچھلا میچ بارش کی وجہ سے رد ہوگیا تھا۔ گروپ راؤنڈ میں افغانستان نے اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا اور اُس نے نیوزی لینڈ کو ہرایا۔ آج صبح کھیلے گئے میچ میں انگلینڈ نے ویسٹ انڈیز کو 8 وکٹ سے ہرایا۔ آکاشوانی میچ پر رواں تبصرہ نشر کررہا ہے۔ x

## ARUNACHAL NEW PLANT SPECIES

بوٹینیکل سروے آف انڈیا کے اروناچل پردیش کے علاقائی مرکز کے محققوں کی ایک ٹیم نے ریاست کے West Kameng ضلع کے Mandala خطے میں پودے کی ایک نئی قسم دریافت کی ہے۔ اسے Petro-Cosmea Arunachalense کا نام دیا گیا ہے۔ Gesneriaceae کے خاندان سے تعلق رکھنے والا پودہ Petro-Cosmea Arunachalense بھارت میں پائے جانے والے Genus-Petrocosmea کی دوسری معروف قسم ہونے کیلئے جانا جاتا ہے۔ x

## EPFO Members

ملازمین کے پراوڈنٹ فنڈ سے متعلق تنظیم EPFO میں اِس برس اپریل میں ریکارڈ سب سے زیادہ 18 لاکھ 92 ہزار ممبران کا اضافہ ہوا ہے۔ لیبر اور ایمپلائمنٹ کی وزارت نے اطلاع دی کہ ممبر شپ میں یہ اضافہ مختلف عوامل کے سبب ہوا ہے جس میں روزگار کے مواقع میں بڑھوتری شامل ہے۔ یہ اعداد وشمار اشارہ کرتے ہیں کہ تقریباً 8 لاکھ 87 ہزار نئے ممبران کا نام اِس برس اپریل کے دوران اس میں شامل ہوا ہے۔x

## Putin Vietnam

روس کے صدر ولادیمیرپتن نے آج کہا ہے کہ کلیدی تعلقات کو مستحکم کرنا اُن کی ترجیحات میں سے ہے۔ وہ ویتنام کے سرکاری دورے کے دوران خطاب کر رہے تھے۔ شمال کوریا کے ساتھ ایک باہمی دفاعی معاہدے پر دستخط کے ایک دن بعد پتن نے کہا کہ ماسکو اور ہنوئی چاہتے ہیں کہ بقول ان کے ایشیا بحرالکاہل خطے میں سلامتی کا ایک قابل بھروسہ نظام قائم ہو۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ روس ویتنام میں توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کو وسعت دینے کا بھی خواہاں ہے۔x

## Bihar Metro

بہار سرکار نے چار شہروں مظفرپور، گیا، دربھنگا اور بھاگلپور میں میٹرو ریل خدمات کا آغاز کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ یہ فیصلہ وزیراعلی نتیش کمار کی صدارت میں ہوئی ریاستی کابینہ کی میٹنگ میں کیا گیا۔ ریاستی کابینہ نے شہری ترقی اور مکانات کے محکمے کی تجویز کو اصولی منظوری دی۔ راجدھانی پٹنہ، بہار کا پہلا شہر ہے جہاں میٹرو ریل خدمات کا کام جاری ہے۔ X

☆☆☆☆☆☆☆☆